حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا

١- ﴿ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَٱجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً
مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ ﴿١٢٨﴾ ﴾ (البقرة: ١٢٧ – ١٢٨)

"اے پروردگار' یہ خدمت ہم سے قبول فرمالے، بیشک تو سننے والا اور جاننے والا ہے۔ اے پروردگار' ہم کو اپنا فرمانبردار بنائے رکھیو۔ اور ہماری اولاد میں سے بھی ایک گروہ کو اپنا مطیع بناتے رہیو۔ اور اے پروردگار ہمیں ہمارا طریق عبادت بتا اور ہمارے حال پر رحم کے ساتھ توجہ فرما بیشک تو توجہ فرمانے والا مہربان ہے"۔

٢- ﴿ رَبِّ ٱجْعَلْ هَٰذَا ٱلْبَلَدَ ءَامِنًا وَٱجْنُبْنِى وَبَنِىَّ أَن نَّعْبُدَ ٱلْأَصْنَامَ ﴿٣٥﴾ رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ
كَثِيرًا مِّنَ ٱلنَّاسِ ۖ فَمَن تَبِعَنِى فَإِنَّهُۥ مِنِّى ۖ وَمَنْ عَصَانِى فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٣٦﴾ رَّبَّنَآ إِنِّىٓ أَسْكَنتُ مِن
ذُرِّيَّتِى بِوَادٍ غَيْرِ ذِى زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ ٱلْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ فَٱجْعَلْ أَفْـِٔدَةً مِّنَ ٱلنَّاسِ تَهْوِىٓ
إِلَيْهِمْ وَٱرْزُقْهُم مِّنَ ٱلثَّمَرَٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ ﴿٣٧﴾ إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِى وَمَا نُعْلِنُ ۗ وَمَا يَخْفَىٰ عَلَى ٱللَّهِ مِن
شَىْءٍ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَا فِى ٱلسَّمَآءِ ﴿٣٨﴾ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ ٱلَّذِى وَهَبَ لِى عَلَى ٱلْكِبَرِ إِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ ۚ إِنَّ
رَبِّى لَسَمِيعُ ٱلدُّعَآءِ ﴿٣٩﴾ رَبِّ ٱجْعَلْنِى مُقِيمَ ٱلصَّلَوٰةِ وَمِن ذُرِّيَّتِى ۚ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿٤٠﴾ رَبَّنَا
ٱغْفِرْ لِى وَلِوَٰلِدَىَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ ٱلْحِسَابُ ﴿٤١﴾ ﴾ (إبراهيم: ٣٥ – ٤١)

"ابراہیم علیہ السلام نے دعا کہ اے میرے پروردگار اس شہر کو لوگوں کے لئے امن کی جگہ بنادے۔ اور مجھے اور میری اولاد کو اس بات سے کہ بتوں کی پرستش کرنے لگیں بچائے رکھ۔ اے پروردگار انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے سو جس شخص نے میرا کہنا مانا وہ میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو تو بخشنے والا مہربان ہے۔ اے پروردگار' میں نے اپنی اولاد میدان (مکہ) میں - جہاں کھیتی نہیں - تیری عزت والے گھر کے پاس لا بسائی ہے۔ اے پروردگار' تاکہ یہ نماز پڑھیں۔ تو لوگوں کے دلوں کو ایسا کردے کہ ان کی طرف جھکے رہیں اور ان کو میووں سے روزی دے تاکہ تیرا شکر ادا کریں۔ اے پروردگار' جو بات ہم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہیں تو سب جانتا ہے اور زمین و آسمان میں اللہ سے کوئی چیز مخفی نہیں ہے۔ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے بڑی عمر میں اسماعیل اور اسحاق بخشا، بیشک میرا پروردگار دعا سننے والا ہے۔ اے پروردگار' مجھ کو ایسی توفیق عنایت فرما کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری اولاد کو بھی۔ اے پروردگار میری دعا قبول فرمالے اور حساب کے دن مجھے، میرے ماں باپ اور مومنوں کی مغفرت فرما"۔

٣- ﴿ رَبِّ هَبۡ لِي حُكۡمٗا وَأَلۡحِقۡنِي بِٱلصَّٰلِحِينَ ٨٣ وَٱجۡعَل لِّي لِسَانَ صِدۡقٖ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ٨٤
وَٱجۡعَلۡنِي مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ ٱلنَّعِيمِ ٨٥ وَٱغۡفِرۡ لِأَبِيٓ إِنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ٨٦ وَلَا تُخۡزِنِي يَوۡمَ يُبۡعَثُونَ ٨٧ يَوۡمَ لَا
يَنفَعُ مَالٞ وَلَا بَنُونَ ٨٨ إِلَّا مَنۡ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلۡبٖ سَلِيمٖ ٨٩ ﴾ (الشعراء: ٨٣ – ٨٩)

"اے پروردگار' مجھے علم ودانش عطا فرما اور نیک لوگوں میں شامل کر۔ اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکرِ نیک جاری کر۔ اور مجھے جنت نعیم کے وارثوں میں سے بنا۔ میرے باپ کی مغفرت فرما کہ وہ گمراہوں میں سے ہے اور جس دن لوگ دوبارہ زندہ کئے جائیں گے مجھے رسوانہ کیجیو، جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے، ہاں جو شخص اللہ کے پاس پاک دل لے کر آیا وہ بچ جائے گا"۔

٤- ﴿ رَبِّ هَبۡ لِي مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١٠٠ ﴾ (الصافات: ١٠٠)

"اے پروردگار مجھے اولاد عطا فرما جو سعادت مندوں میں سے ہو"

٥- ﴿ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَةٗ لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ وَٱغۡفِرۡ لَنَا رَبَّنَآۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ ٥ ﴾ (الممتحنة: ٥)

"اے پروردگار ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا۔ اور ہمیں معاف فرمادے، بیشک تو غالب حکمت والا ہے"